# نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم اسکولوں میں غیر مقامی قانون نفاذ اداروں، بشمول امیگریشن انفورسمنٹ ایکشنز کے عمل درآمد کرنے کی صورت میں پرنسپلوں کے لیے رہنمائی

یہ دستاویز، غیر مقامی قانون نفاذ افسران، بشمول فیڈرل بیرو آف انویزٹیگیشن ("FBI") یا امیگریشن اینڈ کسٹم انفورسمنٹ ("ICE") (مجموعی طور پر، "غیر مقامی قانون نفاذ افسران") کی نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم اسکولوں کی عمارتوں، طلبا یا طالبانہ ریکارڈ تک رسائی کی درخواست کرنے پر عام طریق کار کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس رہنمائی کا اطلاق نیو یارک شہر محکمئہ پولیس ("NYPD") کی کاروائیوں پر نہیں ہوتا ہے، ان کے لیے اسکول میں کاروائیوں کے طریق کار ذیل میں ہیں، یہ دیگر دستاویز اور پالیسیوں کے ماتحت کی جاتی ہیں۔ **اگر ایک غیر مقامی قانون نفاذ افسر آپ کے اسکول میں رسائی چاہتا ہے تو آپ کو اس رہنمائی کے اختتام پر دیئے گئے طریق کار کی پابندی کرتے ہوئے مزید ہدایات کے لیے اپنے سینیئر فیلڈ مشیر ("SFC") سے رابطہ کرنا لازمی ہے۔**

قانون کے قطعی تقاضے اور SFC کے ساتھ مشاورت کے بعد اسکولوں تک رسائی فراہم کی جائے گی۔

## اسکولوں کی عمارتوں میں رسائی کے متعلق قانون

نیو یارک شہر محکمئہ پولیس (NYPD) نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں تحفظ فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے اور ان کو، DOE اور NYPD اور چانسلر کے ضابطے مابین مشترکہ معاہدے کی بنیاد پر اسکولی عمارتوں میں رسائی کی اجازت ہے۔ اسکولوں میں پولیس کی کاروائیوں کے لیے NYPD کے افسران اور اسکول کے تحفظاتی ایجنٹوں کی رہنمائی NYPD کی دیرینہ پالیسیوں کے ذریعے کی جاتی ہے۔

غیر مقامی قانون نفاذ افسران، بشمول ICE افسران درج ذیل میں سے کسی ایک صورت حال میں اسکولی عمارت یا اسکول میں طلبا تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں: اجازت کے ساتھ، معقول وارنٹ کے ساتھ، یا فوری توجہ طلب صورت حال میں۔

### 1. اجازت

**DOE غیر مقامی قانون نفاذ اداروں کو کسی بھی صورت حال میں اسکولی عمارتوں تک رسائی کی اجازت نہیں دیتا ہے، اور پرنسپل اور دیگر اسکولی عملہ اس کی اجازت نہیں دے سکتے ہیں۔**

### 2. معقول وارنٹ

چاہے ایک وارنٹ، غیر مقامی قانون نفاذ افسر، بشمول ICE کے افسر کو ایک مخصوص قدم اٹھانے کی منظوری دیتا ہے، جیسے کہ تلاشی لینے یا گرفتار کرنے کے، یہ وارنٹ کی نوعیت پر منحصر ہے اور چاہے اس کو ایک جج یا انتظامیہ کے ذریعےجاری کیا گیا ہو۔ DOE کے لیے، قانون کے ضابطے سے ہم آہنگی کے ساتھ، مستند عدالتی وارنٹ پابندی کرنا لازمی ہے، لیکن ایک غیر تربیت یافتہ فرد کے لیے یہ تعین کرنا مشکل ہو گا کہ ایک وارنٹ جج کے ذریعے مستند طور پر جاری کیا گیا ہے یا نہیں۔ اس لیے، وارنٹ کی ایک نقل حاصل کرنا اور وارنٹ کے مطابق کسی بھی رسائی کی اجازت دینے سے قبل SFC سے رابطہ کرنا نہایت اہم ہے۔ اگر ایک غیر مقامی قانون نفاذ افسر، بشمول ICE افسر کسی بھی قسم کے وارنٹ کو پیش کرتا ہے تو **وارنٹ SFC کو فراہم کرنا اور مزید ہدایات کا انتظار کرنا چاہیئے۔**

### 3. فوری توجہ طلب صورت حال

ایک فوری توجہ طلب صورت حال پیدا کرنے والی ایک غیر قرین صورت میں، جیسے کہ موت واقع ہونے یا جسمانی ضرر پہنچنے کا سنگین خطرہ موجود ہو یا موجود ہو سکتا ہے، تو **SFC اور اسکول کے تحفظاتی ایجنٹ سے NYPD سے فوراً رابطہ کرنے کے لیے کہیں۔**

## موجودہ ICE پالیسی یہ بیان کرتی ہے کہ اسکولوں میں عموماً قانون نفاذ کاروائیوں سے اجتناب کیا جانا چاہیئے

نئی وفاقی انتظامیہ کے ذریعے موجودہ ICE اور یو ایس کسٹم اور سرحد کے تحفظ کی پالیسی کو جاری رکھا گیا ہے، جو حساس مقامات، بشمول اسکول میں گرفتاریوں، انٹرویو کرنے، تلاشی لینے اور نگرانی کرنے کو محدود کرتی ہیں۔ حالیہ سالوں میں اسکولوں کے اندر قانون نفاذ کاروائیاں نہایت شاذ و نادر دیکھنے کو ملی ہیں۔

## طالب علم کے ریکارڈ کی درخواست

جبکہ حساس مقامات کی موجودہ ICE پالیسی میں ریکارڈ حاصل کرنے یا اسکول کے افسران یا ملازمین سے دستاویز حاصل کرنا، یا احکامات جاری کرنے جیسی کاروائیاں شامل نہیں ہیں (طبی یا تحفظاتی ہنگامی صورت کی غیر موجودگی میں) رازداری کے وفاقی قوانین عموماً قانون نفاذ افسران پر طالب علم کے ریکارڈ سے معلومات کو افشا کرنے کو ممنوع قرار دیتے ہیں ماسوائے ایک عدالتی حکم، قانونی طور پر جاری کردہ حکم کی پابندی کرنے کے لیے یا طالب علم کے والدین یا اگر طالب علم 18 سال کی عمر یا بڑا ہے تو طالب علم کی تحریری اجازت کے ساتھ ایسا کیا جائے۔ اگر کوئی بھی نفاذ افسر، بشمول ICE افسر طالب علم کے ریکارڈ تک رسائی کا خواہاں ہے، تو قانون نفاذ افسر کی جانب سے فراہم کردہ کسی قانونی حکم یا عدالتی حکم کی نقل کو اپنے SFC کو فراہم کریں، اور اس وقت تک عمل درآمد نہ کریں جب تک کہ آپ کو SFC سے ہدایات موصول نہ ہوں۔

## عام طریق کار – اگر ایک غیر مقامی قانون نفاذ افسر، بشمول ICE افسر، کسی بھی وجہ سے آپ کے اسکول میں آتا ہے:

1. افسر کے ساتھ اسکول کے تحفظاتی ایجنٹ کے ساتھ ملاقات کریں۔
2. اسکول کے تحفظاتی ایجنٹ کی میز پر افسر کا نام اور افسر کے بیج / آئی ڈی، افسر کے نگراں کے فون نمبر کی گذارش کریں، ان کے دورے کا مقصد اور یہ پوچھیں کہ افسر اسکولی اوقات کے دوران آپ کے اسکول کا دورہ کیوں کر رہا ہے۔
3. افسر سے کسی بھی قسم کے دستاویزات کو حاصل کریں ( مثال کے طور پر، قانونی حکم، تلاشی کا وارنٹ، گرفتاری کا وارنٹ)۔
4. افسر کو مطلع کریں کہ ان کی درخواست پر عمل درآمد کرنے سے قبل، آپ کے لیے مشیر کو مطلع کرنا اور ہدایات موصول کرنا لازمی ہے۔
5. مشیر سے ہدایات موصول کرنے تک افسر سے گزارش کریں کہ ان کے لیے اسکولی عمارت کے باہر انتظار کرنا لازمی ہے۔
6. اپنے SFC کو مطلع کریں اور اپنے SFC کو تفصیلات فراہم کریں اور افسر سے حاصل کردہ دستاویزات فراہم کریں۔ اس وقت تک عمل درآمد نہ کریں جب تک کہ آپ SFC ہدایات موصول نہ کرلیں۔
7. SFC کے ساتھ مشورہ کر لینے کے بعد والدین سے رابطہ کریں۔
8. اسکول کے تحفظاتی ایجنٹ سے NYPD پریسنکٹ یا ڈویژن برائے اسکولی تحفظ کو مطلع کرنے کے لیے کہیں، جیسا بھی مناسب ہو۔
9. اگر ایک غیر مقامی قانون نفاذ افسر ہدایات کی پابندی نہیں کرتا ہے تو کسی عمل کا نفاذ کرنے کے لیے جسمانی طور مداخلت کرنے کی کوشش نہ کریں۔ ایسی صورتوں میں، جہاں تک ممکن ہو افسر سے زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کریں اور SFC اور اسکول کے تحفظاتی ایجنٹ سے NYPD پریسنکٹ یا ڈویژن برائے اسکولی تحفظ کو مطلع کرنے کے لیے کہیں۔

## چانسلر کے ضوابط کی اطلاق پذیری

یہ رہنمائی چانسلر کے موجودہ ضوابط میں اضافہ کرتے ہیں۔ اگر ایک غیر مقامی قانون نفاذ افسر، بشمول ICE افسر ایک گرفتاری کرتا ہے تو چانسلر کے ضابطے A-412 کے حصہ III (C) طریق کار کی پابندی کریں۔ اگر ایک غیر مقامی قانون نفاذ افسر، بشمول ICE افسر، راز میں رکھی جانے والی معلومات کی درخواست کرتا ہے تو چانسلر کے ضابطے A-820 میں خاکہ کش کردہ طریق کار اور پالیسیوں کا بھی اطلاق ہوتا ہے۔